خبرنامہ ادارۂ تحقیق وتصنیف اسلامی

☆ صدرِ ادارہ مولانا سید جلال الدین عمری کی تصنیف 'غیر مسلموں سے تعلقات اور ان کے حقوق' کو علمی اور دعوتی حلقوں میں بہت مقبولیت حاصل ہوئی ہے۔ اس کے دو ایڈیشن ادارۂ تحقیق وتصنیفِ اسلامی سے شائع ہوئے تھے۔ اب اس کا تیسرا ایڈیشن مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز نئی دہلی نے شائع کیا ہے۔ ص: ۲۳۴، قیمت -/۱۴۰ روپے۔ اس کتاب کا انگریزی ترجمہ اسلامی فاؤنڈیشن لیسٹر (یوکے) سے منتظرِ اشاعت ہے۔ اسی طرح مولانا عمری کی تصنیف 'اسلام اور وحدت بنی آدم' کے انگریزی ترجمہ ISLAM AND UNITY OF MANKIND کے دو ایڈیشن ادارۂ تحقیق وتصنیف اسلامی سے شائع ہوئے تھے۔ اب اس کا تیسرا ایڈیشن مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز نے شائع کیا ہے۔ اس کتاب کا ہندی مراٹھی اور تلگو میں بھی ترجمہ ہو چکا ہے۔

☆ مولانا عمری گزشتہ کئی سال سے مسجد اشاعتِ اسلام میں جمعہ وعیدین کے خطبے دے رہے ہیں اور ان سے استفادہ کے لیے لوگ بڑی تعداد میں آتے ہیں۔ گزشتہ عیدالفطر کے موقع پر مولانا نے جو خطبہ دیا تھا وہ کئی جرائد میں شائع ہوا۔ اب مناسب تدوین ونظرِ ثانی کے بعد اسے مرکزی مکتبہ اسلامی پبلیشرز نے ایک کتابچہ کی صورت میں شائع کر دیا ہے۔ اس کا عنوان ہے: 'کیا اسلام سے بہتر کوئی دعوت ہو سکتی ہے؟' صفحات ۱۶، قیمت -/۴ روپے۔

☆ مولانا عمری کی تصنیف 'کمزور اور مظلوم - اسلام کے سایے میں' ابھی حال میں مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز نئی دہلی سے شائع ہوئی ہے۔ جماعت اسلامی پاکستان کے نائب امیر، انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز اسلام آباد اور اسلامک فاؤنڈیشن لیسٹر کے چیرمین پروفیسر خورشید احمد نے اس کتاب کو پاکر ان تاثرات کا اظہار فرمایا ہے:

اسلام آباد

۱۴/۱اکتوبر ۲۰۰۷ء

برادرِ مکرم ومحترم سید جلال الدین عمری صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ

جن تحریکی ساتھیوں سے مجھے گہرا قلبی تعلق ہے اور جن کی علمی خدمات کو میں تحریک کا بڑا قیمتی سرمایہ سمجھتا ہوں ان میں آپ سرِ فہرست ہیں۔ الحمد للہ آپ کو اپنی دعاؤں میں ہمیشہ یاد رکھتا ہوں اور آپ سے دعاؤں کی درخواست کرر ہا ہوں۔ حقیقت یہ ہے کہ آپ نے چند ایسے عنوانات پر قلم اٹھایا ہے جن کو دوسرے اہل قلم نے یکسر نظر انداز کر دیا تھا اور یہ آپ کا منفرد کنٹری بیوشن ہے۔ خصوصیت سے عورت کے بارے میں اسلامی تعلیمات، غیر مسلموں کے ساتھ باہمی تعلقات، علاج اور خدمت خلق کے موضوعات کے بعد اب آپ نے کم زور اور مظلوم انسانوں کے بارے میں قلم اٹھایا ہے جو بہت ہی اچھوتا موضوع ہے۔ اسلام کے نکتۂ نظر سے اس موضوع پر آپ کی تحریر بہت ہی اہم ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کی اس کاوش کو قبول فرمائے اور تحریکِ اسلامی کو مظلوموں کے حق میں آواز اٹھانے اور مظلوموں اور بے سہارا لوگوں کا سہارا بننے کی توفیق سے نوازے۔

جب سے آپ نے جماعت اسلامی ہند کی امارت کی ذمہ داری اٹھائی ہے آپ کے لیے خصوصی دعاؤں کا ہم سب اہتمام کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی ذات سے امید ہے کہ وہ آپ کو تحریکِ اسلامی کی بہترین رہنمائی کرنے کی توفیق دے۔ تمام ساتھیوں کو سلام اور دعا۔ والسلام

آپ کا بھائی

خورشید احمد